ڈپٹی رجسٹرار، پی۔آر۔پی،

زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔

**بعنوان: نوٹس برائے نیلامی چری (سبز چارہ)**

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے پارس فارم پر مربع نمبر 44 میں 40 کنال چری (Sorghum) (سبز چارہ) کا نیلام عام پارس فارم، جھنگ روڈ، فیصل آباد پر مورخہ 13 نومبر 2019 بروز بدھ بوقت 10 بجے صبح کیا جائے گا۔

**بولی میں شرکت کے خواہشمند افراد درج ذیل شرائط و ضوابط کے تحت نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں:۔**

1۔ بولی سے قبل شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ بولی سے قبل مبلغ -/10,000 روپے بطور زرضمانت (قابل واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دھندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد وصول کی جائے گی۔ آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد تمام واجبات و ٹیکس وصولی کے بعد نیلام کی گئی فصل لے جانے کی اجازت ہوگی۔

4۔ کامیاب بولی دھندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ انکم ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

5۔ مندرجہ بالا قوانین و شرائط پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور بولی شدہ چری کی فصل دوسرے نمبر پر آنیوالے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (پہلی بلند ترین بولی) کے مطابق مذکورہ بالا شرائط کے تحت حوالے کی جائے گی۔

6۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

**نوٹ: مذکورہ بالا مقرر کی گئی تاریخ نیلامی میں نیلامی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں اگلی نیلامی مورخہ 20.11.2019 بوقت 10 بجے صبح کی جائے گی۔**

**برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز میں مشتہر کردیں۔**

25/10/2019

**ڈاکٹر محمد طاہر، سپرنٹنڈنٹ فارم، پارس فارم**

**ڈائریکٹوریٹ آف فارمز جامعہ زرعیہ، فیصل آباد۔**

**فون نمبر: 041-9201203**

No. PARS 674-679

Dated- 25-10-2019

**کاپی برائے اطلاع و مناسب کارروائی:۔**

1۔ لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر/ممبر آکشن کمیٹی

2۔ اکاؤنٹس آفیسر (P&F)/ممبر آکشن کمیٹی

3۔ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ انوینٹری کنٹرول (DPIC) سے درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نوٹس نیلامی PPRA ویب سائٹ پر advertise کروادیں۔

4۔ ڈائریکٹر آئی ٹی برائے پبلیکیشن یونیورسٹی ویب سائٹ

5۔ پی۔اے ٹو ڈائریکٹر فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔